نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

زرعی سائنسدان کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی کے لئے موسمیاتی تبدیلیوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے زیادہ پیداواری صلاحیت کی حامل فصلوں کی نئی اقسام متعارف کروائیں۔محمد نواز خاں میکن چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد

لاہور22اگست2022: پاکستان کی معاشی ترقی میں زراعت کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کے زرعی سائنسدانوں کو شبانہ روز کاوشوں سے پنجاب میں زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں خاطر خواہ مدد ملی ہے۔اس ادارہ کے زرعی سائنسدانوں کی جدید زرعی تحقیق کے باعث گندم، چاول، کپاس، کماد، مکئی، تیلدار اجناس، دالوں، سبزیوں اور پھلوں کی سیکڑوں نئی ترقی دادہ اقسام متعارف کروائی گئی ہیں۔موسمیاتی تبدیلیوں کے پیش نظر کاشتکاروں کی خوشحالی اور ملکی معاشی استحکام کیلئے زرعی سائنسدانوں کو جنگی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار ملک محمد نواز خان میکن چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد نے پنجاب سیڈ کونسل ایکسپرٹس سب کمیٹی کے 83ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں کپاس کی 7، گندم کی 5، کھجور کی 6، آم اور ترشاوہ پھلوں کی دو،دو، دھان کی 3، گوارا کی 3، جوار کی 3، چنے کی 3، ہائبرڈ ٹماٹر کی 2، بھنڈی کی 2، سن فلاور ہائبرڈ 2، مونگ پھلی کی 2، پھولوں، آلو، مٹر، پیاز، اخروٹ، زیتون، ہائبرڈ مکئی، آلو، فالسہ، مٹر، برسیم، جو، رایا اور سرسوں کی ایک ایک نئی لائن کی پیداواری صلاحیت سمیت دیگر پہلوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔اجلاس کے دوران زرعی اجناس، پھلوں اور سبزیوں کی اقسام ان نئی لائنوں کی سفارشات پنجاب سیڈ کونسل کو بھجوانے کی متفقہ منظوری دی گئی۔چیف سائنٹسٹ ملک محمد نوز خاں میکن نے زرعی سائنسدانوں پر زور دیا کہ وہ کاشتکاروں کو کم مدت میں زرعی اجناس، پھلوں، سبزیوں، دالوں اور دیگر فصلوں کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار صلاحیت اور اعلی کوالٹی کی حامل نئی اقسام متعارف کروائیں۔زرعی پیداوار میں اضافہ سے نا صرف کاشتکار خوشحال ہونگے بلکہ قومی برآمدات میں اضافہ کے ذریعے قیمتی زرمبادلہ کا حصول بھی ممکن ہوگا جس سے ملکی معیشت کو بھی استحکام حاصل ہوگا۔اجلاس میں ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کے چیف سائنٹسٹ ملک محمد نوز خاں میکن، سابقہ ڈائریکٹر جنرل زرعی تحقیق ڈائریکٹر ہیڈکوارٹر و پرنسپل سائنٹسٹ ڈاکٹر ساجد الرحمان، پرنسپل سائنٹسٹ ڈاکٹر عزیز الرحمان کے علاوہ ادارہ کے تحقیقی شعبہ جات کپاس، گندم، ہارٹیکلچر، سبزیات، تیلدار اجناس، چارہ جات، دالیں، اگرانومی، حشرات اور امراض نباتات کے زرعی سائنسدانوں کے علاوہ ریجنل ڈائریکٹر پنجاب، فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اینڈ آر ڈی، لاہور، انعام الحق، ماہر کپاس، نیاب فیصل آباد، ڈاکٹر محمد منظور، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ پلانٹ بریڈنگ اینڈ جنیٹکس، ڈاکٹر عظیم اقبال خاں، ڈائریکٹر سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹوٹ، ملتان، ڈاکٹر زاہد محمود اور ماہر کپاس ڈاکٹر محمد ادریس سمیت ٹیکنیکل سب کمیٹی کے متعدد ممبران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆